## امکانی سوالات

[نوٹ] مندرجہ ذیل سوالات کو حل کرنے سے پہلے اصول الشاشی کو ایک بار یاد کرلیں، اور ان سوالات کے جوابات جب تک ذہن نشین نہ ہوجائیں ان کو تحریر نہ کریں۔ امتحان سے پہلے ان سوالات کو اگر آپ نے کتاب یاد کر کے بغیر کتاب دیکھے لکھ لیا توان شاءاللہ کتاب زبردست انداز سے آپ کے یاد ہوجاے گی۔

(۱) کتاب اللہ، سنت، اجماع اور قیاس کی تعریف لکھیں۔

(۲) کتاب اللہ میں بحث کون کون سے اعتبارات سے کی جاتی ہے؟

(۳) عام، خاص اور ان کی اقسام کی تعریف مع مثال وحکم تحریر کریں۔

(۴) عام غیر مخصوص کی کوئی دو مثالیں تحریر کریں۔

(۵) مہر کے بارے میں اختلاف ائمہ مع دلائل ائمہ لکھیں اور راجح قول کو بھی بیان کریں۔

(۶) مطلق کو مقید کرنے نہ کرنے کے حوالے سے اختلاف ائمہ تحریر کریں۔ مثال بھی لکھیں۔

(۷) ماء زعفران کے بارے میں اختلاف ائمہ مع دلائل ائمہ تحریر کریں۔

(۸) "فان قیل: ان الکتاب فی مسح الراس یوجب مسح مطلق البعض وقد قید تموہ بمقدار الناصیۃ" اس اعتراض کا جواب لکھیں۔

(۹) کیا عموم مشترک جائز ہے؟ مثال کے ساتھ واضح کریں۔

(۱۰) مؤول و مفسر میں فرق مثال کے ساتھ بیان کریں۔

(۱۱) حقیقت کی اقسام مع امثلہ مع احکام تحریر کریں۔

(۱۲) مجاز حقیقت کا خلیفہ کس اعتبار سے؟ اختلاف ائمہ مع مثال واضح کریں۔

(۱۳) استعارہ من الطرفین کی مثال مع الوجہ تحریر کریں۔

(۱۴) تیمم طہارت مطلقہ ہے یا طہارت ضروریہ؟ اختلاف ائمہ تحریر کریں۔

(۱۵) ظہور کے اعتبار سے اقسام مع الامثلہ والاحکام تحریر کریں۔

(۱۶) خفاء کے اعتبار سے اقسام مع الامثلہ والاحکام تحریر کریں۔

(۱۷) مذکورہ اصطلاحات کی تعریف لکھیں:

صریح، کنایہ، حقیقت، عموم مجاز، مشترک، خاص الفرد، خاص النوع، خاص الجنس۔

(۱۸) ترک حقیقت کی کتنی وجوہات ہیں اور کون کون سی؟ کسی تین کی مثال کی ساتھ وضاحت کریں۔

(۱۹) "کل مملوک لی حر" میں کون ساغلام آزاد ہوگا اور کون سا نہیں اور کیوں؟

(۲۰) عبارۃ النص اور اشارۃ النص میں فرق بیان کریں اور مثال کے ساتھ وضاحت کریں۔

(۲۱) "اِذا حلف لا یاکل لحما فاکل السمک" حانث ہوگا یا نہیں؟ اور کیوں؟

(۲۲) "ذکر بعض الائمۃ ان المراد بالامر یختص بھٰذہ الصیغۃ" اس عبارت پر اعتراض وجواب تحریر کریں۔

(۲۳) امر تکرار کا تقاضہ نہیں کرتا پھر تکرار عبادات کیوں کر؟

(۲۴)موقت کی قسم اول کی تینوں احکام تحریر کریں۔

(۲۵)کیا بندہ روزے کے لیے کوئی دن متعیّن کرے تو متعیّن ہو گا یا نہیں؟ اگر اس دن قضاء کرے تو درست ہے یا نہیں؟

(۲۶)ادائے کامل کی چار مثالیں تحریر کریں۔

(۲۷)ادائے قاصر کے حکم کی تین مثالیں تحریر کریں۔

(۲۸)مذکورہ اصطلاحات کی تعریف کریں:

ادا، قضا، اقتضاء النص، دلالت النص، امر، ادائے قاصر۔

(۲۹)مسئلہ تبییت تحریر کریں۔

(۳۰)اصول الشاشی کا نقشہ بنائیں۔

(۳۱)حقیقت اور حقیقتِ قاصرہ کا فرق بیان کریں۔

(۳۲)نہی کی اقسام مع مثال وضاحت کے ساتھ تحریر کریں۔ اور دونوں اقسام میں فرق بھی تحریر کریں

(۳۳)نکاحِ مشرکات فعل شرعی ہونے کے باوجود قبیح لعینہ کیوں؟ وطیِ حائض فعل حسی ہونے کے باوجود قبیح لغیرہ کیوں؟

(۳۴)بیع فاسد، اجارہ فاسدہ اور نذر بصوم النحر کے منہی عنہ ہونے کی وجہ سے حسن لعینہ اور قبیح لغیرہ ہونے کا کیا فائدہ؟

(۳۵)"حرمۃ الفعل لا تنافی ترتب الاحکام" اس قاعدے کو ۳/ مثالو کے ذریعے واضح کرو۔

(۳۶)نصوص کی مراد جاننے کے ۳/ طریقے مع مثال تحریر کریں۔

(۳۷)امام شافعی کے سات تمسکاتِ ضعیفہ میں سے چار مع وجہِ فساد تحریر کریں۔

(۳۸)عددِ طلاق میں اعتبار مردوں کا یا عورتوں کا؟ اختلاف ائمہ مع دلائل ائمہ تحریر کریں۔

(۳۹)"واؤ" کا معنی حقیقی اور معنی مجازی مع مثال لکھیں۔ اور یہ بھی تحریر کریں کہ معنی مجازی کے مراد لینے کے کیا شرائط ہیں؟

(۴۰)"فاء" کا معنی حقیقی اور معنی مجازی یعنی بیانِ علت کی دونوں صورتوں کی مثالیں تحریر کریں۔ نیز مسئلہ اعتبار طلاق بالنساء کو اختلافِ ائمہ مع دلائل لکھیں۔

(۴۱)"ثم" کے معنی اختلاف احناف کو مثال کے ساتھ واضح کریں۔

(۴۲)"بل" کے معنی مع مثال بیان کر کے یہ بتائیں کہ کہاں یہ مراد ہو سکتا ہے اور کہاں نہیں؟

(۴۳)"لکن" کے معنی مراد لینے کی کیا شرائط ہیں؟ مثال کے ساتھ تحریر کریں۔

(۴۴)"او" کے معنی حقیقی کی باعتبار انشاء و خبر اور اثبات و نفی مع مثال تحریر کریں اور معنی مجازی مع مثال لکھیں۔

(۴۵)"حتیٰ" کی تینوں معانی شرائط کے ساتھ مع مثال تحریر کریں۔

(۴۶)"الی" کب امتداد اور کب اسقاط کے لیے ہوتا ہے؟ مثال کے ساتھ تحریر کریں۔

(۴۷)"علیٰ" کے معنی حقیقی و مجازی مع مثال تحریر کریں۔

(۴۸)"فی" کے زمان، مکان و فعل میں استعمال کو مع مثال تحریر کریں۔ اور زمان کے معنی کا اختلاف بھی واضح کریں۔

(۴۹)فعل کے زمان و مکان کی طرف منسوب ہونے کی صورت میں ظرفیت کا قاعدہ مع مثال تحریر کریں۔

(۵۰)"باء" کا معنی مع مثال بیان کریں، اور یہ بھی مع مثال تحریر کریں کہ ملصق اصل ہوتا ہے یا ملصق بہ؟

(۵۱)وجوہِ بیان کی ساتوں انواع کی تعریف مع مثال تحریر کریں اور بیان تغییر اور بیان تبدیل میں فرق تحریر کریں۔

(۵۲)تعلیق کے سلسلے میں اختلاف فقہا مع دلائل تحریر کریں اور کسی مثال میں فرق کو واضح کریں۔

(۵۳)استثناء کے بارے میں اختلاف فقہا کو کتاب میں مذکورہ مثال کے ذریعے واضح کریں۔

(۵۴)حدیث کی تینوں اقسام مع مثال تحریر کرکے ان کے احکام بھی لکھیں۔

(۵۵)خبر واحد کب مقبول اور کب نامقبول؟ مثال کے ساتھ تحریر کریں۔

(۵۶)مسئلہ محاذاۃ اور مسئلہ مصراۃ تحریر کرکے سجدۂ سہو سلام سے پہلے یا بعد میں؟ اختلاف ائمہ مع دلائل لکھیں۔

(۵۷)سجدۂ سہو سلام سے پہلے یا بعد میں؟ اختلاف ائمہ مع دلائل ائمہ تحریر کریں۔

(۵۸)خبر واحد کن مواضع پر کن شرائط کے ساتھ حجت ہے؟ مثال لکھیں۔

(۵۹)اجماع کی تعریف کرتے ہوئے اجماع سندی کی اقسام لکھیں۔

(۶۰)اجماع مذہبی کی اقسام بتائیں اور یہ بتائیں کہ کیا توہم فساد کی وجہ سے اجماع مرکب کو باطل کہا جاسکتا ہے؟

(۶۱)عدم القائل بالفصل کی دونوں صورتیں مع مثال لکھ کر دونوں کا حکم واضح کریں۔

(۶۲)مجتہد کا کیا واجب ہے؟ جب دو دلیلوں میں تعارض ہو تو اس کا کیا حل ہوگا؟

(۶۳)قیاس کی تعریف کرکے اس کی حجیت پر دو دلیل تحریر کریں۔

(۶۴)شرائط قیاس کو مثالوں کے ذریعے واضح کریں۔

(۶۵)علت ثابتہ من الکتاب والسنۃ والاجماع کو مثال کے ساتھ تحریر کریں۔

(۶۶)قیاس کی باعتبار حکم اقسام مع مثال وحکم لکھیں۔

(۶۷)قیاس پر وارد ہونے والے اعتراضات کی تعریف مع مثال لکھیں۔

(۶۸)سبب کی تعریف کرتے ہوئے اس کی چاروں اقسام مع مثال تحریر کریں۔

(۶۹)صلاۃ، زکاۃ، حج عشر، خراج، صوم، صدقۂ فطر اور وضو کے اسباب تحریر کریں۔

(۷۰)کیا کل کی عصر آج کے عصر کے مکروہ وقت میں ادا کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟ وجہ بھی بیان کریں۔

(۷۱)موانع اربعہ مع امثلہ تحریر کریں۔ اور خصوص علل کے جواز و عدم جواز کے سلسلے میں اختلاف ائمہ تحریر کریں۔

(۷۲)فرض، واجب، سنت اور نفل عزیمت ورخصت کے لغوی واصطلاحی معنیٰ بیان کرکے حکم بھی تحریر کریں۔

(۷۳)عدم علت سے عدمِ حکم پر استدلال کیا مطلقا درست ہے یا صرف لزوم کی صورت میں؟ مع مثال تحریر کریں

(۷۴)استصحاب حال کے حجت دافعہ یا ملزمہ ہونے میں کیا اختلاف ہے مع مثال تحریر کریں۔

سرفراز احمد العطاری المصباحی، جامعۃ المدینہ فیضان عطار نیپال گنج۔ ۲۱/ مارچ /۲۰۱۷ء